http://urdulibrary.paigham.net/

دیوانِ ظفر علی خان

مولانا ظفر علی خان

http://urdulibrary.paigham.net/

دیوان

مولانا ظفر علی خان

مولانا ظفر علی خان

مُرتب

تنویر احمد

علی ھجویری پبلشرز کمرہ نمبر 1۔ منیر مارکیٹ
اُردو بازار ○ لاہور

http://urdulibrary.paigham.net/

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

ناشر ---------- تنویر احمد

تعداد ---------- 500

پرنٹرز ---------- گنج شکر پرنٹرز

قیمت ---------- 160 روپے

http://urdulibrary.paigham.net/

جلالۃ الملک عبدالعزیز ابنِ سعود

حرم والوں کی جمعیت پریشاں ہو نہیں سکتی
کہ ہو اس دور میں شیرازہ بند ابنِ سعود جس کا

پسند آیا ہی ربِّ کعبہ کو پانچوں نمازوں میں
قیام اُس کا قعود اُس کا رکوع اُس کا سجود اُس کا

روایاتِ سلف میں جان ڈالی اُس کے ایماں نے
دلیلِ آخریں ہے عصرِ اوّل کی وجود اُس کا

وہی جس سیزدہ صد سالہ دولت کے امینوں میں
مقدر ہو چکا ہے روزِ اوّل سے خلود اُس کا

عرب کو ایک مرکز پر سیادت لائے گی اُس کی
عَلم لہرائے گا اُس کی فضا پہ دیر و زود اُس کا

نشاں بردارِ حق ہو کر وہ ٹکرایا ہی باطل سے
لرز جاتے ہیں سن کر طنطنہ گبر و یہود اُس کا

شریعت کی نگہبانی ہوئی ہو جس کو ارزانی
نہ کیوں پھر ساتھ دے ہر حال میں ربِّ ودود اُس کا

لاہور ۔ ۱۲ ۔ دسمبر ۱۹۴۰ء